دار الافتاء اہلسنت (دعوتِ اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

ریفرینس نمبر: sar6331 بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ تاریخ: 24-09-2018

مسلمان کا لباس کیسا ہو؟

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اسلام قبول کرنے کے بعد کوئی اسپیشل لباس پہننا ہوتا ہے اور پرانا لباس تبدیل کرنا ہو گا؟ یا جیسا لباس عرصہ دراز سے استعمال میں ہو، اسلام لانے کے بعد بھی ویسا ہی لباس پہنا جا سکتا ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اسلام قبول کرنے کے بعد کوئی اسپیشل لباس پہننا ضروری نہیں ہے، ہاں جس لباس سے شریعت منع کرے جیسے ریشم یا ایسا لباس جس سے ستر پوشی نہ ہو سکے یا وہ کفار یا فساق کا مخصوص لباس ہو، تو اسے پہننے کی اجازت نہیں ہے اور بہتر یہ ہے کہ نیک اور باشرع مسلمانوں میں رائج عام لباس پہنا جائے۔

لباس کے حوالے سے اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فارسی میں ایک فتوی دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں (جس کا ترجمہ کچھ یوں ہے): "قاعدہ کلیہ لباس پہننے میں یہ ہے کہ اس میں تین امور کی رعایت کرنی چاہیے: ایک یہ کہ اصل میں اس کا استعمال جائز ہو۔ مثلاً ریشمی، سنہری، زرد یا زعفران سے رنگا ہوا لباس مرد کے لیے علی الاطلاق جائز نہیں۔ (دوسرا یہ کہ) جس لباس کا تعلق ستر سے ہے، اس میں ستر کی رعایت ہو۔ جیسے مرد کے لئے زیر جامہ اور آزاد عورتیں سر سے لے کر پاؤں تک غیر محرم مردوں کے سامنے مکمل لباس پہنیں۔۔۔ لباس محل ستر پر اس طرح چسپاں ہو کہ اس عضو کی ہیئت نہ دکھائی دے جیسا کہ فتاوی شامی میں ذکر فرمایا اور میں نے اس کے حواشی میں اس کی تحقیق کر دی۔ (تیسری بات) لباس کی وضع کا لحاظ رکھا جائے کہ کافروں کی شکل و صورت اور فاسقوں کے طرز و طریقے پر نہ ہو۔۔۔ پس مردوں اور عورتوں کا مسنون لباس چادر، تہبند، جبہ، کرتہ ہے؛ شلوار یعنی زیر جامہ اگرچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پہنا، لیکن پہننے والوں کی تعریف فرمائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسے خریدنا، ثابت ہے۔"

(فتاوی رضویہ، ج22، ص190تا193، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

واللہ اعلم عزوجل **و رسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابو الصالح محمد قاسم قادری

13 محرم الحرام 1440ھ/24 ستمبر 2018ء

خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشا کی نماز کے بعد امیرِ اہلِ سنّت کا مَدَنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جُمعرات مغرِب کی نَماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک، دعوت اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجاء ہے

نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔